"سبحان اللہ، الحمدللہ، لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر" کہنے کی فضیلت

سبحان اللہ ☆ الحمدللہ ☆ لا الہ الا اللہ ☆ اللہ اکبر

1. یہ کلمات اللہ پاک کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ [مسلم: 2137]

2. یہ جنت میں درخت لگانے کے بیج ہیں۔ [ترمذی: 3462]

3. ہر کلمے کے بدلے جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ [ابن ماجہ: 3807]

4. یہ جہنم کے خلاف ڈھال ہے۔ [حاکم: 2029]

5. یہ باقی رہنے والی نیکیاں ہے۔ [حاکم: 2029]

6. یہ کلمات کہنا صدقہ ہے۔ [مسلم: 1006]

7. یہ کلمات میزان میں بہت بھاری ہوں گے۔ [ابن حبان: 833]

8. یہ گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتے ہیں جس طرح درخت اپنے پتوں کو جھاڑ دیتا ہے۔ [احمد: 12556]

9. یہ کلمات پڑھنے والے کے لئے فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ [حاکم: 3589]

10. یہ سب سے افضل کلام ہے۔ [احمد: 16412]